
## سورۃ البقرہ کا خلاصہ




## آیات کے موضوعات

| 285, 286 | 177-284 | 153-176 | 142-152 | 124-141 | 47-123 | 40-46 | 30-39 | 21-29 | 8-20 | 6,7 | 1-5 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دعا | آیت بر، بر کی شکلیں، شریعت | توحید، شرک | تحویل قبلہ، تحویل امامت | حضرت ابراھیم و دیگر انبیاء | بنی اسرائیل پر فرد جرم | بنی اسرائیل کا طرز زندگی | حضرت آدم | توحید، قرآن، رسالت، آخرت | منافقین | کفار | متقین |

شهر القرآن والاحسان

# پارہ الم

☆ دعا مانگنے سے قبل اللہ کی تعریف کرنا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ☆ سب سے اہم دعا، ہدایت کی دعا مانگنا۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

☆ ہر نیکی کی بنیاد تقوی اختیار کرنا۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ☆ منافقت کی سب سے بڑی علامت جھوٹ سے بچنا۔ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ

☆ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرنا۔ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا ☆ فضیلت والا کام، علم حاصل کرنا۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

☆ ہر مشکل کے وقت اللہ کی طرف رجوع کرنا۔ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ☆ لوگوں سے عمدہ بات کہنا۔ قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا

☆ اللہ کے اذن کے بغیر کسی چیز کا نقصان نہ دے سکنا۔ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ

☆ حسد کا جواب دینے کے بجائے عفو و در گذر سے کام لینا۔ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ

☆ احسان کے درجے پر عمل صالح کرنا۔ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ ☆ ہدایت صرف اللہ سے مانگنا۔ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى

☆ کتاب کی تلاوت کا حق ادا کرنا۔ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ☆ مرتے دم تک اسلام پر قائم رہنا۔ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ

☆ اللہ کا فرمانبردار بننا۔ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ☆ صحابہ جیسا ایمان اختیار کرنا۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا

☆ اللہ کے لیے خالص ہو کر ہر کام کرنا۔ نَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ☆ اپنے عمل کی بہتری کی طرف توجہ کرنا۔ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ

آیئے ایمان پختہ کرنے کے ساتھ ساتھ عمل صالحہ کی طرف توجہ دیں

# پارہ سیقول

شهر القرآن والاحسان

**تحویل قبلہ:** تبدیلی ایک امتحان ہے۔ موسم، جگہ، حالات کی تبدیلی کو زندگی میں خوشی سے قبول کرنا **نیکیوں میں سبقت:** مومن کی زندگی کا مرکزی نقطہ نیکیوں میں آگے بڑھنا

**اللہ کی خشیت:** کسی بھی غلط کام کا ارادہ ہو تو اللہ کی خشیت کی وجہ سے چھوڑ دینا **اللہ کا ذکر:** صحیح طریقے پر اور کثرت سے اللہ کو یاد کرنا

**آزمائش:** کسی بھی امتحان میں امید اور شکر کو نہیں چھوڑنا **صفا و مروہ:** بی بی ہاجرہ کے صبر کا صلہ، کسی بھی مشکل اور تنہا حالت میں رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا کہنا

**حلال وطیب:** شیطان کے بہکاوے سے بچتے ہوئے کھانے پینے میں حلال وطیب اختیار کرنا **حج و عمرہ:** تقوی کے زاد راہ کے ساتھ سفر کرنا اور پر امن رہنا

**مفادات کا تصادم:** معاشرے اور روایات کے ساتھ قرآنی تعلیمات کے تصادم کی صورت میں حق کا اتباع کرنا **روزہ:** فرض عبادت جس کے ذریعے تقوی کے حصول کی کوشش کرنا

**نیکی کی اقسام:** نیکی کے مختلف مواقع اختیار کر کے صدیق اور متقی کی صف میں شامل ہونا **قریب ہونا:** اللہ بندے کے قریب ہے اس لیے ہر حال میں اسی سے دعا کرنا، اسی کو پکارنا

**فتنہ کا خاتمہ:** نہ مال غنیمت، نہ کشور کشائی، جنگ فتنہ و فساد کے خاتمے کے لیے کرنا **آخرت کی طلب:** صرف دنیا طلبی میں نہ لگے رہنا، دنیا کی بھلائی کے ساتھ آخرت کی بھلائی مانگنا

**ناپسند میں خیر ہونا:** اللہ کا ہماری بھلائی کو ہم سے زیادہ جاننا، مرضی کے خلاف ہونے والے کاموں پر مایوس نہ ہونا

**عقیدہ کی اہمیت:** شادی بیاہ کے معاملات میں عقیدہ پر سمجھوتا نہ کرنا، کسی شرک کرنے والے سے زندگی کا اہم تعلق قائم نہ کرنا

**قانون طلاق:** طلاق دیتے ہوئے بھی احسان کا معاملہ کرنا، بھلے طریقے کے ساتھ ایک دوسرے سے جدا ہونا

**بیوہ:** چار ماہ دس دن عدت گزارنا اور پھر معروف طریقے سے نئے نکاح کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار رکھنا

**خدمت دین:** درست نیت، خوب محنت اور بہت دعا کے ساتھ نکلنا

آیئے نیکیوں میں آگے سے آگے بڑھنے کی کوشش کریں




Note! This information regarding 1st three paras are taken from Al-Huda